URDU

# کیا آپ کے بچے کو حال ہی میں ذیابیطس تشخیص ہوئی ہے؟

**اگر آپ کے بچے کو حال ہی میں ذیابیطس تشخیص ہوئی ہے تو کسی ایسے شخص سے بات کرنا آپ کیلئے اچھا ہو سکتا ہے جو اسی تجربے سے گزرا ہو۔ اپنے جیسے حالات رکھنے والے گھرانے سے تعلق کی سکیم (likefamilieordningen) آپ کے گھرانے کیلئے موزوں ہو سکتی ہے۔**

نارویجن ڈائبیٹیز ایسوسی ایشن ملک بھر میں تقریبا" 40 ایسے گھرانوں **(likefamilier)** سے رابطے میں ہے۔ انہوں نے رازداری کے عہد پر دستخط کیے ہیں اور یہ بنیادی تربیت حاصل کی ہے کہ وہ ان گھرانوں کو کیسے سہارا فراہم کر سکتے ہیں جن میں حال ہی میں ذیابیطس تشخیص ہوئی ہے۔ تربیت میں کردار، ہدایات اور رازداری کے عہد کا تقاضا شامل ہیں۔

## سکیم کا مقصد

ہسپتالوں کا قانون اور صحت کا قانون ہسپتالوں کیلئے لازمی قرار دیتے ہیں کہ ذیابیطس کے مریضوں کو انہی جیسے حالات رکھنے والے کسی شخص سے رابطے کی پیشکش کریں۔ یہ پیشکش ان گھرانوں کیلئے بھی ہے جن میں کسی بچے کو حال ہی میں ذیابیطس تشخیص ہوئی ہو۔ اپنے جیسے حالات رکھنے والے گھرانے کی سکیم نارویجن ڈائبیٹیز ایسوسی ایشن کی افراد کے ضمن میں بالا سکیم کا ایک حصہ ہے لیکن اس سکیم سے استفادہ کرنے کیلئے ضروری نہیں ہے کہ آپ نارویجن ڈائبیٹیز ایسوسی ایشن کے رکن ہوں۔ ہمارے ساتھ وابستہ ایسے تمام گھرانوں میں وہ بچے ہیں جنہیں کم از کم دو سال سے ذیابیطس ہے۔

ایک جیسے حالات رکھنے والے گھرانے معالج کا کردار ادا نہیں کرتے اور نہ ہی طبی مشورے دیتے ہیں۔ انہیں ذیابیطس کے ساتھ زندگی اور روزمرّہ معاملات کا تجربہ پہلے ہی حاصل ہو چکا ہوتا ہے اور وہ بارنے ہاگے، سکول اور بہت سے دوسرے معاملات میں مشورہ اور سوالات کے جواب دے سکتے ہیں۔

## آپ اپنے جیسے حالات رکھنے والے کسی گھرانے سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

کیا آپ اپنے جیسے حالات رکھنے والے کسی گھرانے سے بات کرنا چاہتے ہیں۔ اس کیلئے آپ ہسپتال میں ذیابیطس نرس سے پوچھ سکتے ہیں کہ کیا انہیں اس سکیم کا علم ہے (اسے پہلے کانٹیکٹ فیملی سکیم کہا جاتا تھا)۔

کچھ ہسپتالوں میں جہاں یہ سکیم استعمال ہو رہی ہے، نرس بچوں کے شعبے/پولی کلینک میں تجربہ کار گھرانے اور اس بچے کے گھرانے کا آپس میں رابطہ کروا دیتی ہے جسے حال ہی میں ذیابیطس تشخیص ہوئی ہو۔ پھر دونوں گھرانے یا تو اپنی ملاقات طے کر سکتے ہیں، یا فون پر بات کر سکتے ہیں یا سکائپ پر مل سکتے ہیں۔ اپنے جیسے حالات رکھنے والے گھرانے کے ساتھ طویل بات چیت ضروری نہیں ہے اور اگر آپ نہ چاہتے ہوں تو آپ پر ایک دفعہ بات چیت کرنے کے بعد مزید رابطہ رکھنے کی کوئی پابندی نہیں ہوتی۔ یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔

## ہم سے رابطہ کریں

نارویجن ڈائبیٹیز ایسوسی ایشن کے پاس ملک بھر میں ایسے گھرانوں کی تفصیلات موجود ہیں۔ ان گھرانوں کو بنیادی تربیت دینے کیلئے بھی ہم خود ذمہ دار ہیں۔ اگر آپ کا ہسپتال آپ کے جیسے حالات رکھنے والے گھرانے سے رابطے کی پیشکش نہیں کرتا تو نارویجن ڈائبیٹیز ایسوسی ایشن میں Anette Skomsøy سے ای میل anette.skomsoy@diabetes.no یا فون 23 05 18 00 پر رابطہ کریں۔ یہ آپ کے سوالات کے جواب دے سکتی ہیں اور آپ کو کسی گھرانے سے رابطہ کرنے کیلئے مدد دے سکتی ہیں جس میں آپ کے بچے کی عمر کے قریب کا کوئی بچہ ہو۔

diabetesforbundet